مجھے معلوم تھا یہ سب... میرا وجدان کہتا تھا
اِک حادثہ درپیش ہونا ہے... مجھے درویش ہونا ہے

فلکیاتی و طلسماتی و طبی و روحانی حقائق و دقائق پر مشتمل مخفی علوم کا مستند ترین جریدہ۔

شمارہ نمبر 2

جلد نمبر 1

MAY 2020

رمضان کریم

ماہنامہ روحانی وِجدان

ادارہ عالیہ مقیاس الروحانیات کا ترجمان

رمضآن کریم	لیلۃ القدر	عید الفطر	عمل خاص رمضان کریم
تقدیر	طلسماتی آئینہ	جادو شکن نقش	شرطیہ فراخی رزق

صحیح ترین تشخیص کامیاب ترین علاج کی ضمانت ہے۔

خدانخواستہ اگر آپ کسی پیچیدہ مرض کا شکار ہیں تو

شعبہ روحانیات سے یہ معلوم کرالیں کہ آپکا مرض کیا ہے؟
جسمانی ہے یا روحانی؟ کب اور کس طریق علاج سے شفاء ہو سکے گی؟

یاد رکھیں!

آپ کے مرض کی صحیح تشخیص ہی کامیاب علاج کی بنیاد ہے اور
ہمارا شعبہ روحانیات آپ کے مرض کی درست تشخیص کی ضمانت دیتا ہے

ہمارے یہاں مریضوں کے عوارض کی تشخیص اور ان کے علاج کے لیے

پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

کی زیر سرپرستی ایک نہایت مضبوط قسم کا مشورہ بورڈ قائم ہے جس میں مختلف طریقہ ہائے علاج کے معالجات پر مکمل عبور اور کامیاب دسترس رکھنے والے انتہائی قابل اور تجربہ کار معالجین شامل ہیں، مقامی مریض حضرات جب چاہیں خود تشریف لا کر بہترین تشخیص اور مؤثر علاج سے فیض یاب ہو سکتے ہیں دور دراز کے غیر مقامی مریض اپنے مرض کی کل کیفیت ظاہری علامات بے کم و کاست تحریر کر کے بذریعہ خط و کتابت ہی تشخیص و علاج تجویز کروا سکتے ہیں اس کے ساتھ مشورہ فیس =/500 روپے بذریعہ منی آرڈر یا بینک اکاؤنٹ میں ارسال فرمائیں۔

غرباء اور نادار مریضوں کے لیے مفت مشورہ اور علاج میں خصوصی رعایت برتی جاتی ہے۔

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن، بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

اَلعِلمُ اِدرَاکُ الشَّیءِ بِحَقِیقَتِہ.

بیاد

اُستادالعاملین والکاملین شہنشاہ علم الرّمل قبلہ عابد جعفری مدظلہ

زیر سرپرستی

فخر سادات حضور پیر سید ذاکر حسین نقوی البخاری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 2 جلد نمبر 1 مئی 2020 رمضان المبارک ۱۴۴۱ ہجری

ماہنامہ

روحانی وجدان

ادارہ عالیہ مقیاس الروحانیات کا ترجمان

چیف ایڈیٹر: پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

ایڈیٹر: ملک مزمل نواز اعوان

پروف ریڈر: حکیم محمد نواز نقشبندی

کمپوزنگ & گرافکس: حسنین شاکر

مجلس مشاورت

پیر منور حسین شاہ (سجادہ نشین دربار بری امام سرکار)

پیر محمد سرور نوشاہی (خلیفہ دربار حضرت نوشہ گنج بخش)

فقیر بلال نظامی سروری قادری

ڈاکٹر محمد اطہر چشتی

محمد شہزاد

قسور حسن

میری انتہائے نگارش یہی ہے یا رب

تیرے نام سے ابتداء کر رہا ہوں

التماس دعا

مومنین سے گزارش ہے کہ اول و آخر ایک ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر حضرت آدمؑ سے لے کر آج تک جتنے بھی مومنین بہن، بھائی اس دنیا فانی سے کوچ کر گئے ہیں اُن سب کو ایصال ثواب کریں۔

خاص بالخصوص میرے والد گرامی مقصود احمد (مرحوم) اور روحانی والد عابد جعفری (مرحوم) کو ایصال ثواب کریں جن کی یاد میں یہ روحانی جریدہ آپ قارئین و شائقین کی نظر ہے

بیرون ملک سالانہ	سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک	قیمت فی شمارہ
70 امریکی ڈالر	2000 روپے	100 روپے

قارئین سے چند گزارشات

ملاقات کے لیے آنے والے خواتین وحضرات سے گزارش ہے کہ وہ کسی زحمت سے بچنے کے لیے فون پر پہلے ملاقات کا وقت طے کرلیں ورنہ ملاقات نہ ہوگی۔ بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ فون پر اپنے مسائل کا حل پوچھتے ہیں اور عملیات کی اجازت مانگتے ہیں۔ عرض ہے کہ فون سے زیادہ خطوط کو ترجیح دیں جو آپ کا مسئلہ ہو یا جس عمل کی اجازت لینی ہو اُس کی تفصیل خط میں لکھیں۔

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں!

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

0333-2424103,0322-2424103,0345-2424103

فہرست

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
1	ماہ نجات، رمضان المبارک	5
2	لیلۃ القدر	7
3	عید الفطر	10
4	تصوف	14
5	طلسماتی آئینہ	15
6	تحفۃ الحاضرات	16
7	جادو شکن نقش	17
8	شرطیہ فراخی رزق و روزی	20
9	تقدیر	22
10	الواح چہاردہ معصومینؑ	24
11	زحل کی کارستانیاں	28
12	عمل خاص، رمضان المبارک	29
13	قرض کی واپسی	29
14	برج اور ستارے	31
15	بزم خیال	38
16	تحائف درنایاب	39

از تحریر: پیر اویس جعفری
(ماہر روحانیات)

ماہ رمضان کی آمد آمد ہے، یہ برکتوں والا مہینہ ہے۔ اس ماہ کی عظمت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ قرآن مقدس کا نزول اسی پاک مہینے میں ہوا، رمضان المبارک کی فضیلت اور اس کے تقاضے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس ماہِ مبارک کی اپنی طرف خاص نسبت فرمائی ہے۔

رمضان کا پہلا عشرہ رحمت، دوسرا عشرہ مغفرت اور تیسرہ عشرہ جہنم کی آگ سے نجات کا ہے، رمضان کی اہمیت کے بارے میں للہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ سے ارشاد فرمایا کہ اگر مجھے آپ ﷺ کی اُمت کو جہنم میں ہی جلانا ہوتا تو رمضان کا مہینہ کبھی نہ بناتا۔

جب رمضان المبارک کا چاند نظر آتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے کہ:

یہ چاند خیر و برکت کا ہے یہ چاند خیر و برکت کا ہے، میں اس ذات پر ایمان رکھتا ہوں جس نے تجھے پیدا فرمایا۔

حضرت جبرائیل علیہ سلام نے دعا کی کہ ہلاک ہو جائے وہ شخص جس کو رمضان کا مہینہ ملے اور وہ اپنی بخشش نہ کروا سکے۔ جس پر حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا آمین! حضرت جبرائیل علیہ سلام کی یہ دعا اور اس پر حضرت محمد ﷺ کا آمین کہنا اس دعا سے ہمیں رمضان کی اہمیت کو سمجھ لینا چاہیئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ رمضان کی جب پہلی رات ہوتی ہے تو شیاطین کو بند کر دیا جاتا ہے اور مضبوط باندھ دیا جاتا ہے اور سرکش جنوں کو بھی بند کر دیا جاتا ہے اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اس کا کوئی بھی دروازہ نہیں کھولا جاتا اور بہشت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور اس کا کوئی بھی دروازہ بند نہیں کیا جاتا اور ایک آواز دینے والا آواز دیتا ہے اے نیکی کے طالب آگے بڑھ کہ نیکی کا وقت ہے اور اے بدی کے چاہنے والے بدی سے رک جا اور اپنے نفس کو گناہوں سے باز رکھ کیونکہ یہ وقت گناہوں سے توبہ کرنے کا اور ان کو چھوڑنے کا ہے اور خدا تعالیٰ کے لیے ہے اور بہت سے بندوں کو اللہ تعالیٰ معاف فرماتے ہیں دوزخ کی آگ سے۔ بحرمت اس ماہ مبارک کے اور یہ آزاد کرنا رمضان شریف کی ہر رات میں ہے شب قدر کے ساتھ مخصوص نہیں۔

روزہ وہ عظیم فریضہ ہے جس کو رب ذوالجلال نے اپنی طرف منسوب فرمایا ہے اور قیامت کے دن رب تعالیٰ اس کا بدلہ اور اجر بغیر کسی واسطہ کے بذات خود روزہ دار کو عنایت فرمائیں گے۔

خداوند کریم نے اپنے بندوں کے لئے عبادات کے جتنے بھی طریقے بتائے ہیں ان میں کوئی نہ کوئی حکمت ضرور پوشیدہ ہے۔ نماز خدا کے وصال کا ذریعہ ہے۔ اس میں بندہ اپنے معبودِ حقیقی سے گفتگو کرتا ہے۔ بعینہ روزہ بھی خدا تعالیٰ سے لو لگانے کا ایک ذریعہ ہے۔

حدیث مبارک میں ہے کہ:

رمضان شہر للہ” رمضان للہ تعالیٰ کا مہینہ ہے، جس سے پتہ چلتا ہے کہ اس مبارک مہینے سے رب ذوالجلال کا خصوصی تعلق ہے جس کی وجہ سے یہ مبارک مہینہ دوسرے مہینوں سے ممتاز اور جدا ہے۔

حدیث مبارک میں ہے کہ:

رمضان ایسا مہینہ ہے کہ اس کے اول حصہ میں حق تعالیٰ کی رحمت برستی ہے، جس کی وجہ سے انوار و اسرار کے ظاہر ہونے کی قابلیت و استعداد پیدا ہو کر گناہوں

کے ظلمات اور معصیت کی کثافتوں سے نکلنا میسر ہوتا ہے اور اس مبارک ماہ کا درمیانی حصہ گناہوں کی مغفرت کا سبب ہے اور اس ماہ کے آخری حصہ میں دوزخ کی آگ سے آزادی حاصل ہوتی ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ میری امت کو ماہ رمضان میں پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی علیہ السلام کو نہ ملیں۔

پہلی یہ کہ جب رمضان المبارک کی پہلی رات ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کی طرف رحمت کی نظر فرماتا ہے اور جس کی طرف اللہ تعالیٰ نظر رحمت فرمائے اسے کبھی بھی عذاب نہ دے گا۔

دوسری یہ کہ شام کے وقت ان کے منہ کی بو (جو بھوک کی وجہ سے ہوتی ہے) اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بھی بہتر ہے۔

تیسرے یہ کہ فرشتے ہر رات اور دن ان کے لئے مغفرت کی دعائیں کرتے رہتے ہیں۔

چوتھے یہ کہ اللہ تعالیٰ جنت کو حکم دیتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے "میرے (نیک) بندوں کے لئے مزین ہو جا عنقریب وہ دنیا کی مشقت سے میرے گھر اور کرم میں راحت پائیں گے"۔

پانچواں یہ کہ جب ماہ رمضان کی آخری رات آتی ہے تو اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ:

جنت کا ایک دروازہ جس کا نام ریان ہے، جس سے قیامت کے دن صرف روزے دار گزرے گے، ان کے علاوہ اس دروازے سے کوئی دوسرا نہیں گزرے گا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اور ارشاد گرامی ہے کہ:

روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی بو سے زیادہ پسندیدہ ہے گویا روزہ دار اللہ تعالیٰ کا محبوب ہو جاتا ہے کہ اس کی خلوف (منہ کی بو) بھی اللہ تعالیٰ کو پسند اور خوشگوار ہوتی ہے۔

رمضان کے اس مبارک ماہ کی ان تمام فضیلتوں کو دیکھتے ہوئے مسلمانوں کو اس مہینہ میں عبادت کا خاص اہتمام کرنا چاہیے اور کوئی لمحہ ضائع اور بے کار جانے نہیں دینا چاہیے۔

اس ماہ مبارک میں ایسے انداز میں عبادت کو فرض کے طور پر متعین فرما دیا گیا ہے کہ انسان اس عبادت کے ساتھ اپنی تمام ضروریات وحوائج میں بھی مصروف رہ سکتا ہے اور عین اسی خاص طریقہ عبادت میں بھی مشغول ہو سکتا ہے، ایسی خاص طریقہ کی عبادت کو روزہ کہا جاتا ہے، جسے اس ماہ میں فرض فرما دیا گیا ہے، روزہ ایک عجیب عبادت ہے کہ انسان روزہ رکھ کر اپنے ہر کام کو انجام دے سکتا ہے۔

روزہ رکھ کر صنعت وحرفت تجارت وزیارت ہر کام بخوبی احسن کر سکتا ہے اور پھر بڑی بات یہ کہ ان کاموں میں مشغول ہونے کے وقت بھی روزہ کی عبادت روزہ دار سے بے تکلف خود بخود صادر ہوتی رہتی ہے اور اس کو عبادت میں مشغولی کا ثواب ملتا رہتا ہے۔

دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس ماہ مبارک کی رحمتیں اور نوازشیں سمیٹنے کی توفیق بخشے اور ماہ مبارک کے صدقے اُمت مسلمہ کی تمام پریشانیوں اور مصیبتوں کو دور فرمائے۔

لیلۃ القدر

ازتحریر: پیر اویس جعفری
(ماہر روحانیات)

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ (1) وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ (2) لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ (3) تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ (4) سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ (5) (سورہ القدر)

رات اور دن اللہ تعالیٰ نے بنائے، بعض راتوں کو بعض پر فضیلت بخشی اور بعض دنوں کو بعض دنوں پر فضیلت بخشی، جیسے جمعۃ المبارک کو سید الایام کہا گیا، تو اسی طرح لیلۃ القدر کو سید الیل کا درجہ حاصل ہے کیونکہ قرآن مجید میں اس رات کو ہزار راتوں سے بہتر کہا گیا ہے۔

لیلۃ، اور یوم، زمانے کے دو ٹکڑوں کے نام ہیں، دن رات کو ملایا جائے تو چوبیس گھنٹے ایک دن کہلاتا ہے، سات یوم کو ایک ہفتہ، چار ہفتوں کو ایک مہینہ، بارہ ماہ کو ایک سال اور سو سالوں کو ایک صدی کہتے ہیں، جس کو دھر بھی کہتے ہیں۔ یہ سب زمانے کے ٹکڑے ہیں، جیسے یہ ٹکڑے برابر نہیں ایسے ساعتیں بھی برابر نہیں ہیں، کوئی افضل کوئی غیر افضل ہے۔

افضل صدی:

تمام صدیوں میں افضل صدی وہ ہے جس میں سرکار دو عالم ﷺ تشریف لائے، آپ ﷺ مقصود الکائنات ہیں، جس دن وہ ہستی پیدا ہوئی وہ سب سے افضل ہے۔

افضل سال:

سب سے افضل وہ سال ہے جس میں سرکار دو عالمؐ نے ہجرت فرمائی، وہ سال یادگار ہے سن ہجری کے نام سے پکارا جاتا ہے، پھر سال کے مہینوں میں افضل ماہ رمضان ہے، اس کی راتوں میں افضل رات لیلۃ القدر ہے، بعض علماء کرام نے کہا ہے راتوں میں میلاد النبیؐ کی رات سب سے افضل ہے۔

خصوصیات النبیؐ:

ہمارے نبیؐ کو دیگر انبیاء سے خصوصی شان حاصل ہے آپؐ کو بعض چیزیں خصوصی طور پر ملی ہیں مسلم شریف میں حضرت جابرؓ سے روایت ہے:

رسول اللہؐ نے فرمایا کہ مجھے پانچ صفتیں ایسی حاصل ہیں جو مجھ سے قبل کسی نبی کو نہیں دی گئیں۔

(1) مجھے ایسا رعب اور دبدبہ عطا کیا گیا کہ مہینہ بھر کی مسافت تک کوئی موجود ہو تو وہ شخص بھی مرعوب ہو جائے۔

(2) میرے لئے ساری روئے زمین پاک اور مسجد بنا دی گئی، میری اُمت میں سے جس کسی کو جس جگہ نماز کا وقت آجائے وہ اسی جگہ نماز پڑھ لے۔

(3) مجھ سے قبل کسی نبی کیلئے مال غنیمت حلال نہیں کیا گیا، میری اُمت کیلئے حلال کر دیا گیا۔

(4) مجھے شفاعت کبریٰ دی گئی، روز قیامت میں سب امتوں کیلئے عام طور پر اور اپنی اُمت کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہو کر شفاعت کروں گا

(5) ہر نبی صرف اپنی قوم کی طرف بھیجا گیا اور مجھے کافۃ للناس کیلئے بھیجا گیا۔

بعض محدثین نے لکھا ہے کہ چھٹی خصوصیت لیلۃ القدر کا عطا ہونا ہے جیسا کہ سورۃ القدر کے شانِ نزول سے ظاہر ہوتا ہے۔

معارف القرآن (جلد 8 صفحہ 791) پر لکھا ہے کہ حضورؐ نے فرمایا بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا جس نے ایک ہزار مہینے تک اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا، صحابہؓ کو رشک آیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے بدلے میں یہ رات عطا فرمائی۔ بعض روایات میں ہے کہ حضورؐ نے پہلی اُمتوں کی عمروں کو دیکھا کہ بہت زیادہ ہوئی ہیں اور آپؐ کی اُمت کی عمریں کم ہیں اگر وہ نیک اعمال میں انکی برابری کرنا چاہیں تو ناممکن ہے تو اس پر نبی کریمؐ کو رنج ہوا تو اللہ نے اس کے بدلے میں یہ رات عطا فرمائی۔

لیلۃ القدر کے معنی:

لیلۃ کے معنی رات کے ہیں اور قدر کے معنی ہیں عظمت وشرف، تو اس رات کو شرف حاصل ہوا ہے کیونکہ اس میں نزول قرآن مجید ہوا ہے، قرآن مجید سب کتابوں میں عظمت وشرف والی کتاب ہے اور جس نبی کریمؐ پر یہ کتاب نازل ہوئی وہ تمام انبیاء پر عظمت وشرف رکھتے ہے۔ اس کتاب کو لانے والے جبرائیل امینؑ بھی سب فرشتوں پر عظمت وشرف رکھتے ہیں تو یہ رات لیلۃ القدر بن گئی۔ حضرت ابوبکر وراق فرماتے ہیں اس رات کو لیلۃ القدر اس وجہ سے کہتے ہیں جس آدمی کی اس سے قبل اپنی بے عملی کی وجہ سے قدر ومنزلت نہ تھی تو اس کو توبہ استغفار اور عبادت کے ذریعہ صاحب قدر وشرف بنا دیا جاتا ہے۔

قدر کا دوسرا معنی:

قدر کے معنی تقدیر وحکم کے بھی آتے ہیں اس اعتبار سے لیلۃ القدر کہنے کی وجہ یہ ہوگی کہ اس رات تمام مخلوقات کیلئے جو تقدیر ازلی میں لکھا ہے اس کا جو حصہ اس سال رمضان سے اگلے رمضان تک پیش آنے والا ہے وہ ان فرشتوں کے حوالے کر دیا جاتا ہے جو کائنات کی تدبیر اور تنفیذ کے امور کیلئے مامور ہیں۔ اس میں ہر انسان کی عمر اور موت اور رزق وغیرہ فرشتوں کو لکھوا دیا جاتا ہے یہاں تک کہ اس سال میں جس شخص کو حج نصیب ہوگا وہ بھی لکھ دیا جاتا ہے اور جن فرشتوں کو یہ امور سپرد کر دیئے جاتے ہیں بقول حضرت ابن عباسؓ چار ہیں (1) حضرت جبرائیلؑ (2) حضرت میکائیلؑ (3) حضرت عزرائیلؑ (4) حضرت اسرافیلؑ (معارف القرآن بحوالہ قرطبی جلد 8 صفحہ 792)

ایک سوال اور اس کا جواب:

بعض روایات میں ہے، یہ فیصلے لیلۃ النصف من شعبان، شب برأت میں ہوتے ہیں۔ الجواب

تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان دونوں روایتوں میں تطبیق ہے کہ ابتدائی فیصلے اجمالی طور پر شب برات میں ہو جاتے ہیں پھر اس کی تفصیلات لیلۃ القدر میں لکھی جاتی ہیں اور مقررہ فرشتوں کے سپرد کئے جاتے ہیں (معارف القرآن جلد 8 صفحہ 792)

قدر کا تیسرا معنی:

قدر کا تیسرا معنی تنگ ہو جانا بمقابلہ فراخی ہونا ہے جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ: اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ۔

یعنی اللہ تعالیٰ بندوں میں سے جس کا چاہے رزق فراخ کر دیتا ہے جس کا چاہے رزق تنگ کر دیتا ہے۔

تواس معنی کی بنا پر لیلۃ القدر میں آسمان سے اتنے فرشتے اترتے ہیں کہ زمین پر جگہ تنگ ہو جاتی ہے کہ پاؤں رکھنے کی جگہ بھی نہیں ملتی تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ الرُّوْحُ فرشتے بھی نازل ہوتے ہیں اور روح الامین بھی تشریف لاتے ہیں۔ نیز احادیث میں بھی اس رات کی فضیلت کو واضح کیا گیا ہے۔

حدیث 1: حضرت انسؓ سے روایت ہے رسول اللہؐ نے فرمایا شب قدر میں جبرائیلؑ ملائکہ کی جماعت لیکر اترتے ہیں اور ہر اس شخص کیلئے دعا رحمت کرتے ہیں جو عبادت کررہا ہوتا ہے۔ (بیہقی شریف صفحہ 21 حدیث 2: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے آقا دو عالمؐ نے فرمایا جس نے شب قدر میں ایمان اور طلب اجر کے ساتھ عبادت کی تو اس کے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں (مسلم شریف 259)

حدیث 3: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے رسول اللہؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ تمہارے او پر ایک مہینہ آیا ہے جس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے جو اس سے محروم رہ گیا گویا ساری بھلائیوں سے محروم رہ گیا ہے (ترغیب جلد 2 صفحہ 94)

حدیث 4: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہؐ نے لیلۃ القدر کو رمضان المبارک آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو (ترمذی 98)

لیلۃ القدر ستائیسویں کو شب ترجیح ہے

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ نے قسم کھا کر فرمایا کہ شب قدر رمضان کی ستائیسویں رات ہوتی ہے (مسلم جلد 2591 ابو داؤد صفحہ 197) اسی طرح حضرت عمرؓ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے پوچھا کہ شب قدر کونسی رات ہے تو انہوں نے عرض کی اے عمرؓ آپ نے دیکھا نہیں کہ اللہ تعالیٰ کو سات کے عدد سے بہت محبت ہے آپ نے دیکھا نہیں کہ آسمان سات ہیں زمینیں سات ہیں اور انسان کی پیدائش کے مرحلے بھی سات ہیں اور زمین سے اگنے والی چیزیں بھی سات ہیں اسی طرح آدمی سجدہ کرتا ہے تو سات اعضاء پر کرتا ہے اسی طرح سعی بین الصفاء والمروہ کے چکر سات ہیں، طواف کعبہ کے چکر بھی سات ہیں شیطان کو بھی سات سات کنکر مارے جاتے ہیں۔ سورہ فاتحہ کی آیات بھی سات ہیں جن عورتوں سے نکاح حرام ہے وہ سات ہیں تو ان سب باتوں سے معلوم ہوا کہ **لیلۃ القدر** بھی ستائیسویں کو ہے۔

شب قدر کی علامات:

حضرت عبادہ بن سامتؓ سے روایت ہے (1) یہ رات چمکدار اور صاف ہوتی ہے نہ زیادہ گرم اور نہ زیادہ ٹھنڈی ہوتی ہے بلکہ بھینی بھینی اور معتدل ہوتی ہے (2) اس رات کو شیاطین کو ستارے نہیں مارے جاتے۔ (3) آسمانوں کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھنے سے آنکھوں میں نور اور دل میں سرور کی کیفیت پیدا ہوتی ہے (4) شب قدر کی بعد والی صبح کو سورج میں تیزی نہیں ہوتی (5) اس رات میں عبادت کی بڑی لذت محسوس ہوتی ہے اور عبادت میں خشوع وخضوع پیدا ہوتا ہے (6) بعض لوگوں نے دیکھا کہ ہر چیز سجدہ کرتی ہے یہاں تک کہ درخت بھی سجدہ کرتے ہیں اور اس رات پانی میٹھا ہو جاتا ہے۔

لیلۃ القدر میں ہم نے کیا دعا مانگنی ہے

لیلۃ القدر میں خدا تعالیٰ کی رحمتوں کے تین سو دروازے کھلے ہوتے ہیں جو بھی دعا مانگو قبول ہوتی ہے وہ کریم ذات کسی کو بھی خالی نہیں لوٹاتی اس رات خاص کر یہ دعا ضرور مانگنی چاہیے اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ يَا كَرِيْمُ۔

عید الفطر

از تحریر: ملک مزمل نواز اعوان

دین اسلام دین کامل و اکمل ہے۔ ہمارا دین ہمیں ماں کی گود سے لے کر گور تک زندگی کے ہر مرحلہ کے لئے کافی وشافی ہدایات سے نوازتا ہے۔ اسی طرح دین اسلام نے اسلامی، روحانی اور معاشرتی تہوار کے منانے کے انداز اور طور طریقے کے علاوہ اس کے حدود وقیود (Limitations) بیان فرمادی ہیں۔

"عیدالفطر" کی وجہ تسمیہ

یکم شوال المکرم کو عیدالفطر کہنے کی وجہ یہ ہے کہ افطار اور فطر ہم معنی ہیں۔ جس طرح ہر روزہ کا افطار غروب آفتاب کے بعد کیا جاتا ہے اسی طرح رمضان المبارک کے پورے مہینے کا افطار اسی عید سعید کے روز ہوتا ہے۔ اس لئے اس یوم مبارک کو عیدالفطر کہتے ہیں۔

شبِ عید کی فضیلت

ہمارے ہاں تو شب عید یعنی چاندرات گھر سے باہر گلیوں اور بازاروں سے گزاری جاتی ہے تاہم احادیث نبوی ﷺ میں یکم شوال کی شب (شب عید) جسے عرفِ عام میں چاندرات کہا جاتا ہے، اس کی بہت زیادہ فضیلت اور عظمت بیان ہوئی ہے۔

عیدالفطر درحقیقت یوم الجائزۃ اور یوم الانعام ہے کیونکہ اس دن اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے بندوں کو انعام واکرام، اجروثواب اور مغفرت وبخشش کا مژدہ سناتا ہے۔ جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"جب عیدالفطر کی رات آتی ہے تو اس کا نام آسمانوں پر لیلۃ الجائزہ (یعنی انعام واکرام کی رات) لیا جاتا ہے اور جب عید کی صبح ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو تمام شہروں میں بھیجتا ہے، وہ زمین پر آکر تمام گلیوں اور راستوں پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور ایسی آواز سے (جسے جنات اور انسانوں کے علاوہ ہر مخلوق سنتی ہے) پکارتے ہیں: اے امت محمد ﷺ! اُس رب کریم کی بارگاہ کی طرف چلو جو بہت زیادہ عطا فرمانے والا ہے اور بڑے سے بڑے قصور کو معاف فرمانے والا ہے"۔ (الترغیب والترھیب)

ایک اور روایت میں ہے:

"جس نے عید کی رات طلب ثواب کے لئے قیام کیا، اس کا دل اس دن نہیں مرے گا جس دن باقی لوگوں کے دل مرجائیں گے"۔ (سنن ابن ماجہ)

عید کس طرح منائیں؟

احادیث مبارکہ میں صحابہ کرامؓ نے سب کچھ بیان فرمادیا ہے۔ ذیل میں اس سلسلہ میں چند روایات حوالہ قرطاس کی جاتی ہیں:

عید کی نماز کے لئے پیدل چلنا

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا نماز عید کے لئے پیدل چلنا اور نماز سے پہلے کچھ کھالینا سنت ہے۔ (جامع ترمذی)

عید کی نماز خطبہ سے پہلے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

کے ساتھ عید الفطر کی نماز پڑھی ہے ۔ یہ سب حضرات خطبہ سے پہلے نماز پڑھتے اور بعد میں خطبہ دیتے تھے ۔ (صحیح مسلم/ صحیح بخاری)

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے عید الفطر کی نماز پڑھی ۔ پہلے آپ نے نماز پڑھی بعد میں خطبہ دیا۔ جب آپ خطبہ سے فارغ ہو گئے تو نیچے اترے اور عورتوں کی طرف آئے پھر انہیں نصیحت فرمائی۔ آپ اس وقت حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے ہاتھ کا سہارا لئے ہوئے تھے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اپنا کپڑا پھیلا رکھا تھا جس میں عورتیں صدقہ ڈال رہی تھیں ۔ (صحیح البخاری/صحیح مسلم)

نماز عید کے لئے عورتوں کا جانا

حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے حکم سے کنواری ، بالغہ، دوشیزہ اور حیض والی عورتیں عید کے دن (عید گاہ کی طرف) نکلتی تھیں چنانچہ حائضہ عورتیں عید گاہ سے علیحدہ رہتیں اور صرف دعا میں شریک ہوتیں۔ ایک صحابیہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر کسی کے پاس چادر نہ ہو تو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی دوسری بہن اسے ایک چادر اور ہار دیدے ۔ (جامع ترمذی)

نماز عید سے پہلے غسل کرنا

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ عید الفطر کے روز عید گاہ میں جانے سے پہلے غسل کیا کرتے ۔ (موطا امام مالک)

عید الفطر میں نماز عید سے پہلے کچھ کھا پی لینا

حضرت عبد اللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ عید الفطر کے دن کھائے پیئے بغیر عید گاہ کی طرف تشریف نہ لے جاتے اور عید الاضحیٰ میں نماز سے پہلے کچھ تناول نہ فرماتے ۔ (جامع ترمذی)

عید گاہ کی طرف آتے جاتے راستہ بدلنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ عید گاہ کی طرف ایک راستہ سے تشریف لے جاتے اور دوسرے راستے سے واپس تشریف لاتے تھے ۔ (جامع ترمذی)

نماز عید سے پہلے صدقہ فطر ادا کرنا

اس سلسلہ میں حضور نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

روزوں کی عبادت اُس وقت تک زمین و آسمان کے درمیان معلق (بارگاہ خداوندی میں غیر مقبول) رہتی ہے جب تک کہ صاحب نصاب مسلمان صدقہ فطر ادا نہیں کر لیتا۔ (صحیح مسلم/ جامع ترمذی)

صدقہ فطر نماز عید سے پہلے ادا کر دینا چاہئے کہ یہی سنت ہے لیکن اگر نماز عید سے پہلے ادا نہیں کر سکا تو عمر بھر اس کی ادائیگی کا وقت ہے، جب بھی ادا کرے گا، واجب ساقط ہو جائے گا لیکن بہتر یہ ہے کہ صدقہ فطر نماز عید سے پہلے ہی ادا کر دے ۔

صدقہ فطر کے فقہی مسائل

عید کے دن صبح صادق ہوتے ہی صدقہ فطر واجب ہو جاتا ہے ۔ لہذا جو شخص صبح صادق ہونے سے پہلے مر گیا تو اس پر صدقہ فطر واجب نہیں ۔

صدقہ فطر ہر مسلمان آزاد، مالکِ نصاب پر، جس کا نصاب حاجت اصلیہ سے فارغ ہو، واجب ہے ۔ حاجت اصلیہ سے مراد ہے کہ جس کی انسان کو زندگی گزارنے کے لئے ضرورت ہوتی ہے ۔

صدقہ فطر واجب ہونے کے لئے عاقل، بالغ اور ملکیت کا ہونا شرط نہیں۔

جس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے اس کو صدقہ فطر دینا بھی جائز ہے۔

مرد مالک نصاب پر اپنی اور اپنے چھوٹے بچوں کی طرف سے صدقہ فطر واجب ہے۔ اگر بچہ بالغ اور صاحب نصاب ہو تو اس کا صدقہ فطر اسی کے مال سے ادا کیا جائے گا۔

مجنوں بچہ اگر چہ بالغ ہو مگر غنی نہ ہو تو اس کا صدقہ بھی اس کے باپ پر واجب ہے۔

باپ نہ ہو تو دادا باپ کی جگہ ہے یعنی وہ اپنے یتیم پوتے، پوتی کی طرف سے صدقہ فطر ادا کرے گا۔

ماں پر اپنے چھوٹے بچوں کی طرف سے صدقہ دینا واجب نہیں۔

صدقہ فطر کی مقدار

صدقہ فطر کی مقدار یہ ہے گندم یا اس کا آٹا یا ستو آدھا صاع منقّٰی یا جو یا اس کا آٹا یا ستو ایک صاع۔ موجودہ دور کے مطابق ایک صاع سوا دو سیر گندم یعنی دو کلو پینتالیس گرام گندم کا ہے۔ (قانون شریعت ص 234)

نماز عید ادا کرنے کا طریقہ

عید کی نماز دو رکعت واجب ہے۔ تکبیر تحریمہ کے بعد ثناء (سبحانک اللھم۔۔۔) پڑھیں پھر ہاتھ اٹھا کر تین تکبیریں کہیں، تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لیں پھر امام قرات کرے گا۔ قرات کے بعد حسب معمول رکوع و سجود کریں پھر دوسری رکعت میں امام قرات کرے گا۔ قرات کے بعد تین مرتبہ ہاتھ اٹھا کر تکبیریں کہیں، چوتھی تکبیر پر ہاتھ اٹھائے بغیر رکوع میں چلے جائیں، باقی نماز حسب معمول مکمل کریں۔ نماز عید کے بعد خطبہ سننا واجب ہے۔

مسائل عید الفطر

عید کی نماز انہیں پر واجب ہے جن پر جمعہ واجب ہے۔ جمعۃ المبارک میں خطبہ شرط ہے، عید کا خطبہ سنت ہے، جمعہ کا خطبہ قبل نماز جبکہ عید کا خطبہ بعد نماز ہے۔ علاوہ ازیں عید کی نماز میں نہ اذان ہے نہ اقامت۔

عید کی نماز کا وقت آفتاب کے ایک نیزہ اونچا ہونے سے شروع ہو کر زوال سے پہلے ختم ہو جاتا ہے۔

نماز عید سے قبل نفل نماز بشمول اشراق، چاشت مطلقاً مکروہ ہے اور نماز عید کے بعد عید گاہ میں پڑھنا بھی مکروہ ہے۔

پہلی رکعت میں مقتدی اس وقت شامل ہوا جب امام تکبیریں کہہ چکا تو اسی وقت تکبیریں کہہ لے اور اگر امام رکوع میں چلا گیا تو تکبیر تحریمہ کہہ کر رکوع میں چلا جائے اور رکوع میں تین تکبیریں کہہ لے اور اگر امام کے رکوع سے اٹھنے کے بعد شامل ہو تو اب تکبیریں نہ کہے بلکہ جب امام کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی فوت شدہ رکعت پڑھنے لگے تو تین تکبیریں کہے۔

اگر امام صاحب رکوع سے پہلے تکبیر کہنا بھول جائیں اور رکوع میں یاد آئیں تو وہ حالت رکوع میں ہی تکبیریں کہہ لیں۔ قیام کی طرف نہ لوٹیں نماز فاسد نہ ہوگی۔ (واللہ اعلم بالصواب)

پریشان ہونے کی ضرورت نہیں

آپ روحانی علوم کی تعلیم حاصل کر کے ہزاروں روپے ماہوار کما سکتے ہیں!

مخفی علوم سیکھیے

روحانی اکیڈمی

ادارہ مقیاس الروحانیات
برصغیر پاک و ہند کا واحد ادارہ

آئیے قدم بڑھائیے اور ہمارے ساتھ مل کر روحانی علوم کی تعلیم حاصل کریں اور لوگوں کو صحیح رہنمائی بھی دیں۔

عوام کو مخفی علوم سیکھنے کا بے حد شوق ہوتا ہے لیکن صحیح رہنمائی نہ ہونے کی صورت میں وہ دربدر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ بلکہ بعض تو اکثر لوگوں کو غلط رہنمائی کی صورت میں رجعت ہو جاتی ہے اور وہ لاعلاج روحانی بیماریوں کے مریض بن جاتے ہیں لہٰذا ان باتوں کو زیرِ نظر رکھتے ہوئے اِس راہ کے عظیم خدمت گار اور محقق **پیر اویس جعفری** (ماہر روحانیات) نے ایک روحانی اکیڈمی کا بیڑا اُٹھایا ہے اور لوگوں کو صحیح رہنمائی بھی مہیا کر رہے ہیں۔

ادارہ مقیاس الروحانیات میں ماہر اساتذہ کی زیرِ سرپرستی روحانی علوم کی مکمل تعلیم اور مناسب عملی تربیت کا معقول انتظام ہے۔ روحانیت کے شائقین خواتین و حضرات روحانی فنون سیکھ کر شہرت و عزت اور دولت حاصل کر کے باوقار زندگی گزار سکتے ہیں۔

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

تصوف (سلسلہ وار)

از تحریر: ڈاکٹر محمد اطہر فیاض چشتی صابری

وحدت و حقیقت محمدی ﷺ

احدیت (اللہ) کی ذات مرتبہ لاتعین ہے جبکہ صفت علم کا ظہور ہوا تو اُس نے اپنی ذات اور صفات کو آپ ہی جانا اور جملہ موجودات کو اجمالی طور پر اپنے آپ میں ہی پایا۔ اس مرتبہ کا نام وحدت حقیقی ہے اور یہ برزخ (پردہ) ہے۔ احدیت و وحدیت کا جہان ظہور و بطون میں برابر ہے وہ ہر ظاہر میں ظاہر ہے اور ہر باطن میں باطن، جمادات میں جمادات، نباتات میں نباتات، حیوانات میں حیوانات، انسانوں میں انسان، فرشتوں میں فرشتہ، صورت میں صورت اور معنی میں معنی ہے۔

روحانی میں وہی روح ہے تو جسموں میں وہی جسم ہے کیونکہ وہ ہستی مطلق ہے۔ جس قید میں چاہے مقید ہو جائے غرض کے جملہ صفات و تعینات اجمالی کے ساتھ اپنے آپ کو جاننا وحدت حقیقی ہے مگر اس تعین میں تفصیل نہیں ہے بلکہ اسماء و صفاتِ ارواح و مثال سب متحد ہیں بلا فرق و امتیاز۔

مثلاً تخم میں اجزائے شجر یعنی تنے، شاخ، پتے، پھل اور پھول سب موجود ہیں اور وہ سب متحد ہیں یہی وحدت حقیقت محمدی ﷺ ہے کیونکہ وہ اصل ہے حقیقت انسانی کی اور حقیقت انسانی اصل ہے مشہود عالم کی۔ یعنی جو ظہور عالم میں بالتفصیل اُس کا خلاصہ حقیقت انسانی میں موجود ہیں اور حقیقت انسانی میں جو کمال و جمال مندرج ہے وہ سب ختم ہے حقیقت محمدی ﷺ پر اور وہی اصل الاصول ظہور و مشہود ہے۔

من بمعنے جدِّ جد افتادہ ام — گرچہ درصورت باآخر زادہ ام

ترجمہ: میں درحقیقت معنوی لحاظ سے جد اعلیٰ ہوں اگرچہ بظاہر سب سے آخر میں آیا ہوں۔

پس حقیقت محمدی ﷺ کی نعمت حقیقی کیا ہے؟

اتصاف سے مجرد ہونا احادیث ہے اور متصف باصفات ہونا حدیت ہے۔ (جاری ہے)

تسخیر ارواح کا طلسماتی آئینہ

از تحریر:۔ پیر اویس جعفری
(ماہر روحانیات)

زیرِ طبع کتاب" نایاب الحاضرات" سے اقتباس

اس نادر و نایاب طلسماتی آئینہ میں ہر شخص چاہے نابالغ ہو یا بالغ ہو۔ جب اور جہاں چاہے روحانیات کی پُر اسرار مخفی مخلوق کو حاضر کر کے انتہائی عجیب و غریب اور حیرت انگیز کمالات کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔ خفیہ باتوں اور پوشیدہ رازوں کو انکشاف کر سکتا ہے۔ آئینہ کی مدد سے ماضی، حال اور مستقبل کے حالات معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ گم شدہ انسان و حیوان کی روح کو حاضر کر کے اس کا پتہ چلایا جا سکتا ہے۔ مقدمات کی فتح و شکست، امتحانات میں کامیابی و ناکامی کے بارے میں قبل از وقت معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ جسمانی و روحانی جملہ اقسام کی امراض کی کامیاب تشخیص کر کے معالج کا نام دریافت کیا جا سکتا ہے۔ سحر و جادو کرنے والے کا نام و پتہ معلوم کرنا، کاروبار کے نامساعد حالات کا پتہ چلانا، ملازمت میں ترقی و تبدیلی اور غیر مما لک جانے کے بارے میں جاننا، مدفون خزانوں کا مشاہدہ کر کے جگہ کا تعین کرنا، دور دراز ملکوں کی خبریں معلوم کرنا، پرستان کی حسین دنیا کا نظارہ کرنا، سالہا سال کے مردہ انسانوں، شہیدوں اور اپنے اسلاف کی روحوں سے ملاقات کر کے دنیا و عالم برزخ کے پوشیدہ حالات کا معلوم کرنا اور ایسے جنسی حالات و واقعات۔ جن کا تصور خواب کی دنیا میں بھی نہ ممکن ہو، اس آئینہ میں روحانیات کی مدد سے دیکھے اور معلوم کیے جا سکتے ہیں۔

طلسماتی آئینہ سے مراد کسی قسم کا کوئی خاص آلہ نہیں بلکہ ایک عمدہ صاف و شفاف آئینہ حاصل کر کے اس کے عین وسط میں سیاہی سے ایک دائرہ بنائیں اور اس پر خوشبو دار عطر گلاب لگائیں، طلسماتی آئینہ تیار ہے۔ عمل کے لیے آئینہ کو میز پر اپنے سامنے رکھیں یا دیوار پر آویزاں کریں اور کامل اعتماد اور یکسوئی کے ساتھ ذیل کی عبارت کو بلا تعین تعداد اس قدر تلاوت کریں کہ آئیں کا سیاہ نشان دھندلا ہو کر میدان سا نظر آنے لگے۔ جب یہ صورت پیدا ہو جائے تو اُس وقت میدان کی طرف بغور پلک جھپکائے بغیر دیکھتے رہیں۔ چند لمحات کے بعد میدان میں آندھی، طوفان اور بارش کے مناظر پیدا ہوتے ہیں اور اس کے بعد فوراً میدان میں فرش بچھتا نظر آتا ہے اور فرش پر تخت شاہی آراستہ ہو جاتا ہے جس پر دنیائے روحانیات کے تاجدار حضرت شیخ قطب شاہ ایلیاؒ کی روح پاک حاضر ہوتی ہے۔ جن سے آپ اپنے حل طلب مسائل کے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

آئینہ کی طلسماتی عبارت یہ ہے:۔

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا صَاحِبُ الْعِرْسِ وَالطُّوْسِ مُرْسِلُ الرَّحْمَةِ وَمُعْطِيَ الْمُنَاهِجِ عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا صَاحِبُ الْبَحْرِ وَالْقَوْسِ سَائِرُ الْكَرَامَتِ وَمُحِيطُ الْمُعَارِجِ بِحَقِّ عَلِيْنُوْطَوَيْثِ سَلْجُوْ عَمَيْشِ هَجْلَيْشِ طَرْطَرْ قَبَاْشِ اَجِبْ دَعْوَتِيْ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوْحِ عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا صَاحِبُ الْعَصْرِ وَالصَّوَابِ نَاصِرُ الْمِيْزَانِ وَالْمَتِيْنِ يَاهَادِيْشِ زَمَانُوْشِ بِحَقِّ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

تسخیر ارواح کے طلسماتی آئینہ کا محولہ بالا عمل اعمال اکبر کے سلسلے کے عملیات میں سے ایک ایسا عمل ہے جو سریع الاثر اور مؤثر ہونے کے اعتبار سے عجیب و غریب حقائق کا حامل ہے۔ جس طرح باقی عملیات و اوراد کے لیے ادائے زکوٰۃ کی شرط شرط اولین ہے۔ اسی طرح یہ عمل بھی فوائد و نتائج کے لیے اپنی متعلقہ شرائط کی ادائیگی کی بجا آوری کا تقاضہ کرتا ہے چنانچہ ترکیب عمل کے مطابق عروج ماہ کے نو چندے دنوں میں سے کسی سعید دن سے شروع کر کے گیارہ دن تک ایک چلہ مکمل کرے کہ نصف شب کے وقت مغرب کی طرف رخ کر کے کھڑا ہو جایا کرے

تحفۃ الحاضرات

از تحریر:- ملک مزمل نواز اعوان

شائقین حاضرات کے لیے رمضان المبارک کا ایک منفرد اور اچھوتا تحفہ

حاضرات کا یہ عمل نہایت ہی آسان، سہل الحصول اور میرا ذاتی مجرب المجرب ہے آئیں رمضان المبارک کے اس بابرکت مہینے میں اللہ عزوجل کی انوار و تجلیات کے ساتھ ساتھ حاضرات کے اس نایاب عمل سے بھی مستفید ہوں۔ یہ عمل بہت ہی آسان ہے اور تھوڑی سی محنت سے یہ عمل ہاتھ آجاتا ہے۔

دعوت و تسخیر حاضرات کے لیے رمضان المبارک کی پہلی تاریخ کا چاند دیکھ کر ذیل عمل کو گیارہ روز تک اکتالیس مرتبہ بعد از نماز عشاء جگہ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے پڑھیں اختتام عمل موکلات کے نام نیاز دیں عامل ہو جائے گا۔ بعد از عمل صرف تین مرتبہ مداومت ضروری ہے۔

عبارت عمل حسب ذیل ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُکَ یَاوَاحِدُ یَافَرْدُ صَمَدُ یَامَنْ لَّمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَاوَلَدُ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اَسْمَآئِکَ الْعِظَامِ وَاَنْبِیَآئِکَ الْکِرَامِ اَنْ تُسَخِّرِلِیَ الرُّوْحَانِیُّوْنَ عَبْدُکَ عَبْدَالرَّحْمٰنِ عَبْدُکَ عَبْدُالصَّمَدْ وَعَبْدُکَ عَبْدُالْوَاحِدْ یَکُوْنُوْنَ لِمَاعَوْناً عَلٰی قَضَآءِ حَوَائِجِی الْعَجَلْ اَلْوَحَا اَلسَّاعَۃُ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ

ترکیب

تسخیر حاضرات کے اس عمل سے کام لینے کا طریقہ یہ ہے کہ شیشہ کے کسی برتن یا گلاس میں پانی ڈال کر اپنے سامنے رکھیں اور عمل کا ورد کرتے ہوئے نگاہ رکھیں تو حاضرات کا نزول ہوگا اور تمام احوال پانی میں معلوم ہوں جائیں گے۔

حاضرات کے اس عمل کی ہر شخص کو اجازت ہے کریں اور زندگی کو پُر اسرار بنائیں۔

نوٹ مزید رہنمائی کے لیے جوابی لفافے کے ساتھ خط لکھیں۔

اور عمل کی عبارت کو روزانہ 41 مرتبہ پڑھ کر عمل کے مقام پر ہی سوجایا کرے۔ زکوۃ کی ادائیگی کے بعد عمل قابو میں آجائے گا۔ عمل کے بعد مداومت کرتا رہے تاکہ عمل کی قوت و تاثیر برقرار رہے۔ عمل کی تسخیر کے بعد جب بھی عمل کی مندرجہ شرائط کے ساتھ عمل کو بجالائے گا تو یقیناً عمل کے طلسماتی و روحانی نتائج و اثرات کا مشاہدہ کرسکے گا۔

قارئین کرام اس حقیقت کو لوح دل پر رقم رکھیں کہ جب تک کوئی عامل عملیاتی اصول وقواعد کا پابند نہیں بن سکتا اُس وقت تک اُس کے لیے کوئی بھی عمل نہ تو نفع بخش ثابت ہوسکتا ہے اور نہ ہی وہ ماہر و کامل ہونے کا دعویدار بن سکتا ہے۔ راقم السطور کے نزدیک ایک عامل کے لیے طہارت ظاہری و باطنی کا پابند ہونا عملیاتی شرائط و آداب میں سے ایک اہم ترین شرط ہے اور اس شرط پر ایک ایسا عامل ہی کاربند ہو سکتا ہے جو خدائے بزرگ و برتر کی یکتائی و شہنشاہی پر صمیم قلب سے یقین کامل رکھتا ہو۔ رزق حلال کماتا اور کھاتا ہو۔ احکامات شرعیہ کی بجا آوری کا پابند ہو۔ خدا اور اُس کے بندوں کے حقوق کا خیال رکھتا ہو۔ یہ وہ ضروری امور و شرائط اور اصول ہیں جن کی رعایت کیے بغیر عملیات پر عمل پیرا ہونا عامل کو ناکامی و نامرادی کے سوا کچھ بھی نہیں دے سکتا۔

علم حاضرات سیکھئے

حاضرات کا علم بہت ہی وسیع و عریض ہے۔ علم حاضرات ایک ایسا سمندر ہے جس کا کوئی کنارہ نہیں۔ کتابوں میں یہ علم نہ ہونے کے برابر ہے کہ جس سے رہنمائی لی جاسکے۔ لہذا اس چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے اس فن کے شائقین کے لیے علم بذریعہ ڈاک سکھانے کا انتظام کیا گیا ہے۔

خواہش مند خواتین و حضرات یہ علم بذریعہ ڈاک سیکھ سکتے ہیں۔

برائے رابطہ

پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

ادارہ مقیاس الروحانیات

مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

0333-2424103

جادو شکن

از تحریر:
پیر اویس جعفری
(ماہر روحانیات)

آج کل جادو سحر اور سفلی علوم کا سلسلہ عام ہو گیا ہے اکثر لوگ جادو سحر و بندش میں مبتلا نظر آتے ہیں سفلی علوم کے ذریعے رشتوں کی بندش کر دی جاتی ہے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ رشتے آتے ہی نہیں بلکہ طے شدہ رشتے بھی ٹوٹ جاتے ہیں اور رشتہ داروں میں دراڑ پڑ جاتی ہے۔

بذریعہ جادو میاں بیوی کے تعلقات میں کشیدگی پیدا کر دی جاتی ہے اور بسا اوقات نوبت طلاق تک پہنچ جاتی ہے۔ بعض گھروں میں یہ دیکھا گیا ہے کہ میاں بیوی ایک دوسرے پر جان چھڑکتے ہیں اور پھر اچانک ایک دوسروں کی صورتوں سے بھی بیزار ہو جاتے ہیں۔

بعض حاسد قسم کے لوگ بچوں پر بھی سحر جادو کروا دیتے ہیں جادو سحر کی وجہ سے بچے نافرمان اور آوارہ ہو جاتے ہیں اور والدین سے اُن کو نفرت ہو جاتی ہے۔

جادو سحر کے ذریعے عورتوں کی کوکھ باندھ دی جاتی ہے اور حمل قرار نہیں پاتا۔ جادو کے ذریعے عورت کو بستہ کر دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد عورت کسی مرد کے قابل نہیں رہتی اور اُس کو ہمبستری سے نفرت ہو جاتی ہے اس طرح مرد کو بھی بستہ کر دیا جاتا ہے اور وہ کسی عورت کے قابل نہیں رہتا اور اُس کی مردانگی تقریباً ختم ہو جاتی ہے۔ جادو کے ذریعے عورت کو باندھ دیا جاتا ہے جس سے عورت بانجھ ہو جاتی ہے۔ ماہواری بھی آتی رہتی ہے مگر استقرار حمل نہیں ہوتا۔

جادو کے ذریعے خاندان کے خاندان تباہ و برباد کر دیے جاتے ہیں۔ گھروں کا سکون ختم ہو جاتا ہے باہمی تعلقات نفرت و عداوت میں بدل جاتے ہیں زندگیاں ناسور بن کر رہ جاتی ہیں ہر وقت تناتنی اور کشاکشی کا ماحول بنا رہتا ہے چنانچہ جادو سحر و بندش کو رفع کرنے کے لیے میں خواتین و حضرات کے لیے اپنا ذاتی مجرب المجرب اور تیر بہدف نقش لکھ رہا ہوں جس کو آج سے قبل پردہ راز میں رکھا گیا ہے ایسے اعمال کوئی عامل لاکھوں روپے لے کر بھی عطا کرنے کے لیے تیار نہیں ہوتا لیکن میں نے خدمت خلق کے ارادے سے اس راز کو نہایت ہی فراخ دلی سے افشاں کر دیا ہے۔ یہ جذبہ محض اس لیے کہ خواتین و حضرات کھل کر اللہ کی مخلوق کی خدمت کر سکیں اور لوگوں کو جادو سحر اور بندش سے نجات دلا سکے۔

امید ہے کہ اس نقش سے فائدہ اٹھاتے وقت راقم الحروف کو بھی اپنی مخصوص دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔

جادو شکن نقش کیا کام کرتا ہے؟

اگر کسی عورت یا مرد پر سحر و جادو اور بندش کے اثرات ہوں یا وہ آسیبی مریض ہو یا گھر میں جادو سحر کے اثرات کی وجہ سے بندش لگی ہو یا کسی حاسد یا مخالف قسم کے لوگوں نے بندش کروا دی ہو۔ گھر میں بے سکونی و لڑائی جھگڑا رہتا ہو۔ شادی نہ ہو رہی ہو۔ رشتوں کی بندش ہو یا اولاد کی بندش ہو یا اولاد نافرمان ہو۔ جنات کے اثرات ہوں، خون کے چھینٹے گھر یا کپڑوں پر گرتے ہوں، بال کٹ جاتے ہوں یا جنات کسی کے پاس آ کر زنا کرتے ہوں۔ خون حیض جاری ہو۔ حمل ضائع ہو جاتا ہو یا بچے پیدا ہو کر مر جاتے ہوں۔ مرد یا عورت بستہ ہوں اور ہمبستری سے نفرت ہو گئی ہو تو ایسی صورت میں یہ نقش اعصائے موسیٰ کا کام کرتا ہے اس نقش کی برکت سے ہر قسم کا سحر و جادو اور بندش ختم ہو جائے گی اور کرنے والے کی طرف پلٹ جائے گی۔

نقش یہ ہے

لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود
لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود
لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود
لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود	لشکر فرعون غرق شود

ابلیس تبلیس نمرود مردود شداد بے داد فرعون بے عون قارون ملعون ہامان بے سامان شیطان بے ایمان ابو جہل لعین ہاروت و ماروت و سامری بنام آں لعیناں آسیب، سحر و جادو ٹونہ، بندش سفلی و علوی، نظر بد، ہمہ قسم اثرات بد و ہمہ قسم مرض بدنی او در بحر غرقاب شود

یہ عجیب وغریب نقش سحر وجادو اور بندش و آسیبی اثرات کے لیے انتہائی مجرب المجرب ہے اس نقش کی بدولت سحر وجادو، سایہ اور بندش صرف ایک منٹ میں زائل ہو جاتے ہیں خوبی اس نقش کی یہ ہے کہ اس میں کسی طرح کو کوئی پرہیز نہیں خواتین یہ نقش دوران حیض بھی استعمال کر سکتی ہیں۔

استعمال وفوائد نقش

جادو سحر و آسیبی اثرات

اگر کسی کے گھر میں جادو سحر کے اثرات ہوں اور بندش لگ گئی ہو یا کسی دشمن نے بندش کروادی ہو اور گھر میں بے سکونی ولڑائی جھگڑا رہتا ہو تو اُس کے لیے سات عدد نقش لکھیں اور روزانہ ایک نقش حقہ کے پانی میں حل کر کے گھر میں چھڑکیں اور تمام افراد اس نقش سے غسل بھی کریں انشاءاللہ سات روز کے اندر اندر ہر قسم کے جادو سحر، بندش اور آسیبی اثرات سے نجات مل جائے گی۔

جنات

اگر کسی کے گھر میں جنات کا ڈیرہ ہو اور اُن کی وجہ سے بندش لگ گئی ہو گھر میں کپڑے کٹ جاتے ہوں یا بال کٹ جاتے ہوں۔ پیسے چوری ہو جاتے ہوں یا مویشی مر جاتے ہوں یا گھر میں خیر و برکت کی کمی ہو گئی ہو اور ہر کام میں رکاوٹ ہو تو اس کے لیے سات عدد نقش تحریر کریں ایک نقش روزانہ اُس وقت چھڑکیں جب سورج غروب ہونے میں پانچ منٹ رہ جائیں۔ اس طرح سات روز تک یہ عمل کریں۔ بفضل خدا جنات وہ جگہ چھوڑ دیں گے اور ہر طرح کی بندش ختم ہو جائے گی۔

رشتوں میں رکاوٹ

ایسا لڑکا یا لڑکی جس پر جادو سحر یا آسیبی اثرات ہوں یا کسی مخالف نے رشتہ کی بندش کروا دی ہو۔ رشتہ نہ آتے ہوں یا بات بن کر ختم ہو جاتی ہو تو اُس کے لیے تین عدد نقش لکھیں اور متاثرہ مریض اس نقش سے غسل کرے اس عمل کو تین روز تک کریں یعنی تین روز غسل کرے اس عمل میں کسی طرح کا پرہیز نہیں۔ دوران حیض بھی اس نقش کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ دوسری بات نقش کا پانی جہاں پر مرضی جائے کوئی بے ادبی والی بات نہیں ہے بلکہ جتنی گندی جگہ پر پانی جائے گا اُتنا ہی اچھا ہے تین یوم میں ہر قسم کی رشتوں کی رکاوٹ میں نجات ملے گی میں خود بھی تقریباً یہ ہی نقش دیتا ہوں ہزاروں لوگوں کو اس نقش کی بدولت سحر جادو اور بندش سے نجات مل چکی ہے آپ بھی آزمائیں کبھی بھی ناکامی نہ ہوگی۔

عورتوں پر جنات کا آنا

اگر کسی عورت پر جنات آتے ہوں اور زنا کرتے ہوں کسی عامل کا کوئی بھی نقش یا عمل کارگر نہ ہوتا ہو تو اُس کے لیے اکیس عدد نقش لکھیں ایک نقش سے مریضہ روزانہ غسل کرے اور نقش لکھ کر پانی میں گھول کر اُس کا پانی دن بھر پیئے یہ عمل اکیس روز تک جاری رکھیں انشاءاللہ اکیس روز کے اندر اندر جنات سے مکمل نجات مل جائے گی۔

عورتوں کا بانجھ ہونا

اگر کسی نے سفلی علم یا جنات کے ذریعے عورت کو باندھ دیا گیا ہو یا جادو سحر اور آسیبی اثرات کی وجہ سے عورت بانجھ ہو گئی ہو اور حمل قرار نہ پاتا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس نقش لکھیں اور حیض سے فارغ ہو کر چالیس روز تک غسل کرے اور نقش کا پانی پیئے انشاءاللہ چالیس روز کے اندر اندر عورت کھل جائے گی اور حمل قرار پائے گا میں اس نقش کا تجربہ ایسی متعدد خواتین پر کر چکا ہوں جو ایک عرصہ سے اولاد سے محروم تھیں۔

خون حیض جاری ہونا

اگر کسی عورت پر جادو سحر کیا گیا ہو یا جنات کے اثرات ہوں اس کی وجہ سے خون حیض جاری ہو گیا ہو جو کسی عمل یا دوائی سے نہ رکتا ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ چھ عدد نقش لکھیں اور روزانہ صبح وشام اس نقش سے غسل کرے اور ایک نقش کمر سے باندھ لے انشاءاللہ اس بیماری سے پوری طرح نجات مل جائے گی۔

مرد/عورت بستہ

اگر سفلی علم کے ذریعے کسی مرد یا عورت کو بستہ کر دیا گیا ہو یا آسیبی اثرات و بندش کے سبب مرد وعورت بستہ ہو گئے ہوں اور اُن کو ہمبستری سے نفرت ہو گئی ہو تو اُس کے لیے سات عدد نقش لکھیں اور سات روز تک غسل کریں اور پانی پیئں انشاءاللہ مرد وعورت کشادہ ہوں گے۔

بندش کاروبار

جادو سحر و آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش لگ گئی ہو یا کسی مخالف نے کاروبار بند کروادیا ہو یا دوکان، ہوٹل اور فیکٹری وغیرہ بند ہو تو اُس کے لیے گیارہ عدد نقش لکھیں روزانہ غسل کریں اور دوکان یا فیکٹری کھولتے اور بند کرتے وقت پانی چھڑکیں انشاءاللہ کاروباری بندش ختم ہو جائے گی۔

نظر بد

اگر کوئی بچہ نظر بد کا شکار ہو روتا ہو یا دودھ نہ پیتا ہو تو نقش کو پانی میں گھول کر بچے کے سر اور منہ پر چھینٹے ماریں انشاءاللہ نظر بد کا اثر ختم ہوگا۔

نقش کے اثرات کو تیز کرنا

اوپر دیے گئے نقش میں جہاں (اودر بحر غرقاب شود) لکھا ہے وہاں (نذر آتش غرقاب شود) لکھیں اور نقش کی فوٹو کاپی کروالیں۔

فوائد نقش

1 اگر کسی عورت پر جادو سحر اور آسیبی اثرات ہوں۔ سر اور کندھے وزنی رہتے ہوں۔ غصہ آتا ہو یا جھٹکے لگتے ہوں یا کوئی ذی روح مسلط ہو جو نظر آتی ہو، آوازیں آتی ہوں، ڈر خوف لگتا ہو تو اس نقش کو پورے جسم پر اچھی طرح رگڑیں اور سات جوتے مار کر جلا دیں یہ عمل دن میں کئی مرتبہ کریں انشاءاللہ فوراً نجات ملے گی۔

2 اگر کسی عورت پر جادو سحر اور آسیبی اثرات کی وجہ سے خون حیض ہو جو کسی دوائی یا عمل سے نہ رکتا ہو تو اس نقش کو عورت اپنے پوشیدہ مقام پر پھیرے اور اس نقش کو جلا دے یہ عمل دن میں کئی مرتبہ دہرائیں انشاءاللہ اس نقش کی بدولت خون حیض رُک جائے گا۔

3 اگر کوئی مرد یا عورت بستہ ہوں اور ہمبستری سے نفرت ہوتی ہو اُس کے لیے بھی یہی ترکیب ہے کہ نقش کو لکھ کر مرد اور عورت اپنے پوشیدہ مقام پر پھریں اور جلا دیں۔ یہ نقش اتنا سریع الاثر ہے جس کے اثرات موقع پر ہی ظاہر ہوتے ہیں جس کا جی چاہے وہ تجربہ کر کے دیکھ لے۔

4 ایسے مریض جس کے جسم کے اندر جنات ہوں اور وہ کسی عمل سے نہ جاتے ہوں تو اُس کی ترکیب یہ ہے کہ نقش کو چراغ میں ڈال کر مریض کے سامنے جلائیں بفضل خدا سب جنات وجود کے اندر ہی خاک ہو جائیں گے یہ نقش باہر نکلنے کی مہلت ہی نہیں دے گا۔

5 اگر کسی عورت کو جادو سحر اور آسیبی اثرات کے ذریعے باندھ دیا گیا ہو جس سے اُسے حمل نہ ٹھرتا ہو یا ضائع ہو جاتا ہو تو وہ اسی طرح نقش کو جسم پر رگڑ کر جلائے یہ عمل دن میں کئی مرتبہ دہرائیں اور لگاتار اکیس روز تک کریں انشاءاللہ وہ عورت حاملہ بھی ہو اور بچہ بھی بخیر وعافیت پیدا ہوگا۔

6 جس مرد یا عورت پر جادو سحر اور آسیبی اثرات ہوں یا رشتوں کی بندش ہو رشتے نہ آتے ہوں یا بات بن کر ختم ہو جاتی ہو تو اس نقش کو روزانہ مغرب سے آدھا گھنٹہ قبل جسم پر پھیر کر جلائیں انشاءاللہ چند ہی یوم میں رشتے آنے شروع ہو جائیں گے اور بات پکی ہو جائے گی۔

7 ایسی عورت جس پر خون کے چھینٹے آتے ہوں یا بال کٹ جاتے ہوں یا کپڑے کٹ جاتے ہوں وہ اس عمل کو مغرب سے آدھا گھنٹہ قبل چند روز تک جسم پر پھیر کر جلائیں اور مغرب کے وقت کھلے آسمان کے نیچے نہ نکلیں ورنہ تکلیف بڑھ جائے گی۔

8 جادو سحر اور آسیبی اثرات سے سر اور دانتوں کو شدید درد ہو جاتا ہے یا بعض اوقات پورے چہرے میں درد شروع ہو جاتا ہے اُس کے لیے نقش کو چہرے پر اچھی طرح مسلیں اور آگ میں جلائیں انشاءاللہ کامل شفاء ہوگی۔

9 اگر کوئی بچہ نظر بد کا شکار ہو تو اس نقش کو بچے کے وجود پر پھیر کر جلا دیں۔ انشاءاللہ صرف ایک منٹ میں نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔

10 اگر جادو سحر اور آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش ہو اور کسی عورت کا بچہ پیدا نہ ہو رہا ہو تو اس نقش کو پورے جسم پر پھیر کر جلائیں اور ایک نقش کی عورت کو دھونی دے دیں یہ عمل اُس عورت کے لیے بھی کارآمد ہے جس کے پیٹ میں بچہ مر گیا ہو یا سوکھ گیا ہو اور کسی علاج سے افاقہ نہ ہوتا ہو تو اس ترکیب کو آزمائیں۔

11 ایسی خواتین جس کے ساتھ جنات زنا کرتے ہوں وہ اس نقش کو رات کے وقت سونے سے قبل اپنے پوشیدہ مقام پر باندھ لیں اور صبح اُٹھ کر گیارہ جوتے مار کر جلا دیں یہ عمل گیارہ دن تک کریں انشاءاللہ جنات سے پوری طرح نجات مل جائے گی۔

نوٹ

یہ نقش ہر طرح کے جادو سحر اور آسیبی اثرات اور رجعت کو رفع کرنے کے لیے اپنے اندر پوری صلاحیت رکھتا ہے۔ خوبی اس نقش کی یہ ہے کہ کوئی بھی عامل یا جنات اس نقش کے اثر کو سلب نہیں کر سکتے۔ دوسری خوبی یہ ہے کہ اس میں کسی طرح کا پرہیز نہیں دوران حیض بھی خواتین اس نقش کو استعمال کر سکتی ہیں یہ جادو شکن نقش رسالہ میں پہلی مرتبہ لکھا جا رہا ہے اس سے قبل یہ نقش فقط میرے شاگردوں اور روحانی دوستوں تک محدود تھا۔

میں نے ہر چیز واضح طور پر لکھ دی ہے پھر بھی کسی چیز کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافہ کے ہمراہ خط لکھیں۔

شرطیہ فراخی رزق و روزی

از تحریر: پیر اویس جعفری (ماہر روحانیات)

مفلس، مقروض، بے روزگاری اور غربت کا شرطیہ توڑ

رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کے قرب اور نعمتوں کو پانے کا ایک سنہری موقع ہے موقع کی مناسبت سے آپ سب کے لیے ایک تحفہ حاضر ہے۔ کوئی شخص مفلس یا غریب ہے اور قرضے میں ڈوبا ہوا ہے اور نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی تو اُس کے لیے ایک نقش کامل تحریر کر رہا ہوں جس کو کوئی بھی شخص رزق و روزی کے معاملہ میں آزما کر اس کا امتحان کسی بھی وقت لے سکتا ہے اور اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی اس نقش عظیم کو رزق بڑھانے کے معاملے میں استعمال کرے گا تو اُس کی دولت میں دن بہ دن زیادہ سے زیادہ اضافہ ہو گا لیکن اس نقش کو لکھنے کا جو صحیح قاعدہ وقانون ہے اُس کو سمجھ لینا چاہیے اور عمل کرنا چاہیے تاکہ کامیابی میں دیر نہ لگے اور اسماء الحسنیٰ کی طاقت میں بلاوجہ کوئی شک وشبہ پیدا نہ ہو۔ اس کے لیے رمضان المبارک کی ستائیسویں شب کو سحری سے قبل دو رکعت نماز نفل برائے تسخیر دولت ورزق پڑھیں۔ اپنے سامنے سات قسم کی مٹھائی رکھیں اور اس نقش کو سنہری کاغذ پر مشک وزعفران کی سیاہی سے لکھیں اور لکھنے کے بعد مٹھائی پر حضور اکرم ﷺ کی نیاز دیں اور مٹھائی کو افطاری کے وقت بچوں میں تقسیم کر دیں اور نقش کو ایک پاکیزہ تھیلی میں ڈال کر عطر لگائیں اور روزانہ سورۃ الکوثر 129 مرتبہ پڑھیں اور تھیلی میں دم کر دیں۔ پیسوں کو اُس تھیلی میں رکھیں اور بٹوے کی جگہ استعمال کریں۔ جو بھی پیسے ہوں وہ اس تھیلی میں رکھیں اور کچھ عرصہ سورۃ الکوثر کی مداومت کریں تو بفضل خدا دولت کی آمد ورفت ہونے میں غیب سے وسائل پیدا ہوں گے اور ایسے وسائل بنے گئیں جس سے روزی ورزق فراخ ہو اور اس کی فراخی میں کوئی بھی رکاوٹ پیدا نہ ہو اگر پہلے سے کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ پیدا ہو چکی ہو گی تو اللہ کے فضل وکرم سے نحوست کے بادل چھٹ جائیں گے اور پیسوں کی ریل پیل ہو گی۔

ایسے خواتین وحضرات جو پرائز بانڈ اور انعامی سکیموں کے متلاشی ہیں اُن کے لیے بھی ایک خاص تحفہ ہے وہ پرائز بانڈ خرید کر اس تھیلی میں رکھیں اور تا حصول مقصد سورۃ الکوثر کی مداومت کریں اور بانڈ پر دم کریں انشاءاللہ فیض یاب ہوں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صلی علی محمد وعلی آل محمد وبارک وسلم

ربنا انزل علینا مآئدۃ من السمآء تکون لنا عیدا لاولنا و اخرنا و آیۃ منک وارزقنا وانت خیر الرزقین



و	ھ	ا	ب	ب	ا	ھ	و

یارزاق ترزقت بالرزق والرزق فی رزق رزقک یارزاق

یاوھاب ذی الطول ورب العرش العظیم

ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب

۶	ھ	ا	خ	خ	ا	ھ	۶

جو خواتین وحضرات یہ نقش بمعہ تھیلی ادارہ سے تیار کروانا چاہتے ہیں وہ اپنا نام معہ والدہ اور تھوڑی سی تفصیل پچیسویں رمضان المبارک سے قبل جوابی لفافہ کے ہمراہ لکھیں اور ہدیہ 3300 روپے ہر صورت پیشگی روانہ کریں۔

ادارہ عالیہ مقیاس الروحانیات کے قیام کا مقصد

ادارہ مقیاس الروحانیات کے قیام کا مقصد علوم مخفیات و روحانیات کی تحقیقات و تعلیمات ہے تاکہ ہمارے اسلاف کا یہ مقدس ورثہ ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔ تاریخ طلسمات سے پتہ چلتا ہے کہ ان علوم روحانیہ کے زوال و انحطاط کا بنیادی سبب اس فن کے وہ نام نہاد عامل حضرات ہیں جو مجربات آزمائی میں صحیح و غلط کے درمیان تمیز کرنے سے عاجز تھے اور سی چیز نے عوام کو ان علوم کی صداقت سے بدظن کر دیا۔ فن کی تکمیل میں جہاں ناتجربہ کاری سدراہ ثابت ہوئی وہاں یہ امر سب سے زیادہ تکلیف دہ ہے کہ اس کے اشاعتی ذرائع بہت محدود ہیں اور جو موجود ہیں وہ بالغ نظر اور ہنر شناس اہل فن کی عدم توجہ، بخل وحسد، تنگدستی و امساک اور بے التفاقی کا شکار ہیں۔ چناچہ ادارہ مقیاس الروحانیات علوم طلسمات و روحانیات کو متعارف کرانے فن اور علمائے فن کی علمی و تجرباتی خدمات کرکے علوم روحانیہ کو مادی علوم کے مقابلہ میں لانے اور روحانیت کے بلند ترین مقام کو واضح کرنے، صدیوں سے پوشیدہ نادر و نایاب اور کامیاب و بے خطا مجربات کی تعلیمات و اشاعت کا آغاز کر رہا ہے۔ ادارہ مقیاس الروحانیات کی رکنیت کا باقاعدہ سلسلہ شروع کیا جاچکا ہے۔ آپ بھی ادارہ کی رکنیت اختیار کرکے علوم مخفیات کی توریج و ترقی کے لئے ہمارے ساتھ شامل ہوسکتے ہیں

شائقین حضرات کے لئے تجرباتی تربیت کا معقول انتظام ہے۔

اشاعت علم

ہم سب کا فرض ہے اس لیے معزز قارئین سے گزارش ہے کہ آپ ہمارا ساتھ دیں اور ماہنامہ روحانی وجدان کو اپنے حلقہ احباب میں زیادہ سے زیادہ متعارف کروائیں اور خود بھی مستقل قاری بنیں اور دوسروں کو بھی ترغیب دیں آپ ہمیں اپنے دوست احباب کے نمبر Whats App کریں ہم نمونہ کے طور پر اُنہیں چند ماہ مفت رسالہ pdf فائل ارسال کریں گے۔

ادارہ مقیاس الروحانیات 0333-2424103

متوجہ ہوں

اہل قلم ذوق وشوق خواتین وحضرات کے لیے ماہنامہ روحانی وجدان کے صفحات حاضر خدمت ہیں اگر آپ نے کوئی نقش، وظیفہ یا عمل آزمایا ہو اور اپنے نتیجہ وثمرات میں صدفی صد بارآور ثابت ہوا ہو تو ماہنامہ روحانی وجدان کی وساطت سے اس فیض کو فیض عام کریں۔ جو کہ مخلوق خدا کی بھلائی کا سبب ہو اور آپ کے لیے صدقہ جاریہ۔

ہمیں لکھیں ہم اشاعت کریں گے

ادارہ مقیاس الروحانیات مقصود منزل جناح ٹاؤن بنگلہ روڈ تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

تقدیر

از تحریر:
ملک مزمل نواز اعوان

سعی و کوشش ہے عبث ، بے فائدہ تدبیر ہے
نام مرضی کا تیری ، انسان کی تقدیر ہے

تقدیر کے معنی ہیں اندازہ کرنا، جانچنا۔ ہر ایک امر کو ایک اندازہ خاص اور حسن انتظام کے ساتھ ظہور پذیر کرنا۔ خاص خاص شے کو خاص خاص فطرت یعنی خاصیتیں اور صفات عطا فرمانا اور اسی کے مطابق ان سے کام لینا۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو اپنی کامل قدرت و ارادہ سے حسن انتظام و حسن ترتیب کے ساتھ پیدا کیا ہے اور ہر ایک امر کے لیے خاص خاص قانون مقرر فرمایا ہے۔ جس کے موافق دنیا کا زمانہ ایک عمدہ نظام کے ماتحت چلا جا رہا ہے۔ یہی تقدیر ہے۔

تقدیر کا لفظ ایک طرح پر سنت الٰہی یا قانون قدرت کے مترادف ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر امر اور ہر شے کے لیے جو آئین یا قانون مقرر فرمایا ہے۔ اس کے موافق وہ امر عمدہ انتظام کے ساتھ چلا جاتا ہے اور اس میں ادل بدل کو راہ نہیں۔ ہر ایک شے کو اللہ تعالیٰ نے جس فطرت پر پیدا کیا اور جن کے موافق اس سے کام لیا وہی اس کی تقدیر ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے خَلَقَ کُلَّ شَیءٍ فَقَدَّرَہٗ تَقدِیرًا۔ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک شے کو پیدا کیا۔ پھر اس کے لیے ایک خاص تقدیر یعنی قانون قدرت مقرر کیا۔ جس سے وہ شے تجاوز نہیں کر سکتی۔ انا کل شیءٍ خلقناہٗ بقدر۔ ہم نے ہر ایک چیز کو ایک خاص اندازہ اور آئین پر مقرر کیا ہے۔ جس میں تبدیلی و تنسیخ کو راہ نہیں۔ سبح اسم ربک الاعلیٰ الّذی خلق فسویٰ والّذی قدر فھدیٰ۔ اے نبی ﷺ اپنے اس عالیشان رب کی تقدیس بیان کر جس کی ربوبیت کا سایہ سارا جہاں نقشہ ہے۔ وہ خدا کہ جس نے ہر ایک شے کو پیدا کیا۔ پھر اس کو موزوں بنایا اور ہر شے کے لیے ایک قانون اور آئین بنایا۔ پھر اسی کے موافق اسے راہ دکھائی اور اس کی فطرت کے موافق اس سے کام لیا۔ جناب مولانا علیہ الرحمۃ اس آیت کا ترجمہ اس طرح فرماتے ہیں۔

ہر کسے را بہر کارے ساختند
میل آں اندر دلش انداختند

پس قرآن مجید کی رو سے جو تقدیر ثابت ہوتی ہے وہ یہی ہے کہ ہر ایک امر کے لیے اللہ تعالیٰ کا ایک قانون مقرر کرنا اور پھر اس کے مطابق اس کو چلانا جس کو دوسرے لفظوں میں قضا کہتے ہیں۔ گویا اللہ تعالیٰ کا کسی شے کی نسبت سے یا مجموعہ عالم کی نسبت ایک حکیمانہ قانون مقرر کرنا تقدیر ہے اور اس قانون کے موافق دنیا کا انتظام کرنا قضا ہے۔

انسانی تقدیر

انسانی تقدیر سے وہ قوانین مراد ہیں جو قدرت الٰہیہ نے انسان کے جسم یا روح کے متعلق وضع کر رکھے ہیں اور جن میں کبھی اور کسی حال میں فرق نہیں آسکتا۔ انسان کی جسم کی بناوٹ اور اس کی فطرت کے متعلق جو قوانین اللہ تعالیٰ نے مقرر کر رکھے ہیں وہ سب تقدیر انسانی ہیں۔ انسان کا نطفہ سے پیدا ہونا۔ نطفہ میں جیسی جسمانی اور روحانی مزاجی اور اخلاقی کیفیت کا ارادہ موجود ہو۔ ٹھیک اسی طرح کا جسم و روح پیدا کر دینا۔ اس کے موافق بغیر تغیر و تبدیل ہمیشہ نتائج کا پیدا ہونا اور پھر اعمال مکتبہ فی الدنیا کے مناسب نشائے اُخریٰ میں جزا و سزا کا ملنا انسانی تقدیر ہے۔

کیا خدا تعالیٰ کی تقدیر بدل سکتی ہے؟

ہرگز نہیں بدل سکتی۔ اللہ تعالیٰ نے ہر شے اور ہر بات کے لیے جو قوانین مقرر کر دیے ہیں وہ کسی اور صورت میں بدل نہیں سکتے۔ ہر شے کے پیدا ہونے کے متعلق انسان کی خلقت کے متعلق اعمال انسانی کے متعلق جس جس طرح کی تقدیر یعنی قانونِ قدرت اس قادر مطلق اور حکیم برحق نے مقرر کی ہے۔ ہرگز بدل نہیں سکتی۔ کلام ربانی کے موافق اللہ تعالیٰ کی سنن اور مقاریر اور صورت میں بھی بدل نہیں سکتی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فلن تجد لسنت اللہ تبدیلا۔ تو ہرگز اللہ کی سنت جو بدلتا ہوا نہ پائے گا۔

کیا دعا قضا کو دفع کر دیتی ہے؟ اس صورت میں اللہ تعالیٰ کا قانون ہرگز نہیں بدلتا۔ بلکہ ایک دوسرا قانون مقابل سمت سے عمل کرتا ہے۔ جس طرح پر یہ ایک قانون قدرت ہے کہ ہر شے جو بے سہارا چھوڑی جائے زمین پر گر پڑتی ہے۔

لیکن اگر کوئی شخص گرتی ہوئی چیز کو راستہ ہی میں سے ہاتھ پر لے لے تو زمین پر گرنے نہیں پاتی۔ اسی طرح اگر کسی شخص پر خدا تعالی کا فعلی قانون عمل کر رہا ہو۔ یا اس پر کوئی سخت مصیبت اور حادثہ واقع ہو جائے تو اس کا دفعیہ شرائط کے ساتھ دعا کرنے سے ہو سکتا ہے۔ مگر یہاں کوئی قانون قدرت نہیں بدلا بلکہ مقابل سے ایک اور قانون نے تقدیر الٰہی کے موافق عمل کیا۔ اسی کو تقدیر معلق کہتے ہیں۔ جو دعا اور صدقہ دینے سے رفع ہو سکتی ہے۔ اولیاء اور انبیاء کرام کی دعائیں جو اثر کرتی ہیں اور بسا اوقات دنیا کو تہ و بالا کر دیتی ہیں اور کچھ کا کچھ کر دکھاتی ہیں مخالفین الٰہی کو چکنا چور اور موافقین کو مظفر و منصور کر دیتی ہیں۔ یہ سب قانون الٰہی کے موافق دوسرے قانون کا عمل کرنا ہے جو یہ بھی تقدیرات الٰہی میں داخل ہے اس میں مطلق کوئی قانون نہیں بدلا۔ اللہ تعالی جو چاہتا ہے وہ کر دیتا ہے اور جو چاہتا ہے ثابت رکھتا ہے اور تقدیرات الٰہی کتاب اسی کے پاس ہے اس کا مطلب بھی یہی ہے۔

الدعاء یرد القضاء بلاشبہ سچا مقولہ ہے اور دعا میں بڑا پر زور اور ہیبت ناک اثر ہے شاہ عبدالقادر جیلانیؒ لکھتے ہیں کہ دنیا میں ہر چیز اسباب سے ہے۔ بعض اسباب ظاہر ہیں اور بعض پوشیدہ۔ اسباب کی تاثیر کا اندازہ ہے جب اللہ تعالی چاہے اس کی تاثیر اندازہ سے کم یا زیادہ کر دے جب چاہے ویسی رکھے۔ آدمی کبھی کنکر سے نہیں مرتا اور کبھی گولی سے بچ جاتا ہے۔ انداز سے کو تقدیر کہتے ہیں۔ یہ وہ تقدریں ہیں ایک بدلتی ہے جیسے مصیبت، دوسری نہیں بدلتی جیسے موت۔

تقدیر الٰہی کا منکر کافر ہے:

جو شخص تقدیر ربانی کا منکر ہے اور اس بات کا قائل نہیں کہ دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے سب خدا تعالی کے مقررہ قوانین اور آئین اس کی مشیت ارادہ اور علم و حکمت کے موافق ہو رہا ہے۔ بلاشبہ کافر اور صفات الٰہی کا منکر ہے۔ حضرت علیؓ شیر خدا بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوتا جب تک چار چیزوں پر ایمان نہ لے آئے۔

